الیکشن کمیشن آف پاکستان
شعبہ تعلقات عامہ
پریس ریلیز

مورخہ 17 دسمبر 2020

الیکشن کمیشن آف پاکستان کا ایک اہم اجلاس چیف الیکشن کمشنر جناب سکندر سلطان راجہ کی زیر صدارت آج الیکشن کمیشن آف پاکستان سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ممبران الیکشن کمیشن، سیکرٹری الیکشن کمیشن، سئینر رہنما پی پی پی جناب تاج حیدر اور الیکشن کمیشن کے افسران نے شرکت کی ۔ سندھ حکومت کے مشیر قانون مرتضیٰ وہاب اور سندھ حکومت کے دیگر نمائندگان نے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس میں شرکت کی ۔

سیکرٹری الیکشن کمیشن نے الیکشن کمیشن کو آگاہ کیا کہ اس وقت پورے ملک میں 8 حلقوں پر ضمنی انتخابات زیر التواء ہیں جن میں 6 صوبائی اور 2 قومی اسمبلی کی نشستیں شامل ہیں جن کی تفصیل کچھ اس طرح سے ہے ۔بلوچستان اسمبلی کی 1 ، سندھ اسمبلی کی 3، پنجاب اسمبلی کی 1 اور خیبر پختونخواہ اسمبلی کی 1 نشست شامل ہے جبکہ قومی اسمبلی کےلئے پنجاب اور خیبر پختونخواہ سے ایک ایک نشست خالی ہے ۔ان تمام حلقہ جات پر ضمنی انتخابا ت کا انعقاد Covid-19 وباء کی وجہ سے نہیں ہوسکاتھا۔

جناب تاج حیدرنے بیان کیا کہ آئین پاکستان اور قانون کے تحت کسی بھی انتخابی حلقے کی خالی نشست پر 60 دن کے اندر الیکشن کروانا ہوتا ہے۔سیئنر رہنما پاکستان پیپلز پارٹی کی جانب سے اس بات کی طرف توجہ مبذول کروائی کہ سینیٹ کے انتخابات کےلئے تمام صوبائی اسمبلیاں اور قومی اسمبلی الیکٹورل کالج ہے اور اگر یہاں انتخابات نہ کروائے گئے تو الیکٹورل کالج نامکمل رہے گا اور ان حلقوں پر ضمنی انتخابات نہ ہونے کی وجہ سے ان حلقوں کے عوام کی نمائندگی نہیں ہو پائے گی ۔مزید برآں حال ہی میں گلگت بلتستان میں بھی انتخابا ت کا انعقا ہوا ہے سب سے بڑھ کر امریکہ جہاں Covid-19 وباء کا پھیلاو بہت زیادہ ہے۔وہاں صدارتی انتخابات کا انعقاد ہوا لہذا یہاں بھی تمام حفاظتی اقدامات کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے آئینی ذمہ داریاں پوری کی جا سکتی ہیں۔ الیکشن کمیشن ایک خود مختار ادارہ ہے اور اسے اپنی آئینی ذمہ داری پوری کرنی چاہیے۔

-2-

جناب تاج حیدر نے مزید کہا کہ سندھ حکومت کی طرف سے اس سلسلے میں یقینی دہانی کروائی جاتی ہے کہ انتخابی عمل کے دوران Covid-19 کے ایس او پیز پر پابندی یقینی بنائی جائے گی مشیر قانون حکومت سندھ مرتضیٰ وہاب نے بھی جناب تاج حید رکے موقف کی تائید کی اور کہا اس وقت عمر کوٹ اور سانگھٹر کے اضلاع میں Covid-19 پازیٹو کیس زیادہ نہیں ہیں ۔ اور صوبائی حکومت یقین دہانی کراتی ہے کہ

انتخابی عمل کے دوران Covid-19 ایس او پیز پر مکمل عمل درآمد کیا جائے گا ۔ مرتضیٰ وہاب نے الیکشن کمیشن کو یقین دلایا کہ سندھ گورنمنٹ الیکشن کمیشن کی ہر قسم کی معاونت کے لئے تیار ہے ۔

الیکشن کمیشن کے سامنے باقی صوبوں کی حکومتوں کی طرف سے موصول رائے کو بھی مد نظر رکھا گیا۔ قبل ازیں الیکشن کمیشن کے استفسار پر سندھ اور بلوچستان کی حکومتوں نے ضمنی الیکشن کے انعقاد پر آمادگی کااظہار کیاتھا جبکہ خیبر پختونخوا ہ اور پنجاب کی حکومتوں نے التواء کی سفارش کی تھی ۔ آج کے اجلاس میں تمام صوبائی حکومتوں کو شرکت کے لئے مدعو کیا گیا تھا لیکن ماسوائے سندھ حکومت کے کسی حکومت کی جانب سے کوئی نمائندہ نہ ذاتی حیثیت میں اور نہ ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوا۔

الیکشن کمیشن نے تمام حقائق کا جائزہ لینے کےبعد یہ فیصلہ کیا کہ چاروں صوبوں میں

تمام خالی نشستوں پر ضمنی انتخابات کا انعقاد کیا جائے ۔ الیکشن کمیشن نے صوبائی حکومتوں کو ہدایات جاری کی ہیں کہ وہ انتخابات کے انعقاد کے دوران Covid-19 کے ایس او پیز پر عمل درآمد کو یقینی بنائیں اور مزید دفتر کو ہدایت کی کہ ضمنی انتخابات کے انعقاد کے حوالے سے ضمنی الیکشن کا شیڈول جاری کرے ۔

****